نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت لاہور میں اعلی سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے زرعی اقدامات سے متعلق جاری اسکیموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا

لاہور14جولائی2024: وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق دیہی معیشت میں بہتری کیلئے فیاضانہ وسائل کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ صوبہ پنجاب میں زرعی ترقی کیلئے 400 ارب روپے سے زائد تاریخی کسان پیکج پر عملدرآمد جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے زرعی اقدامات سے متعلق جاری سکیموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کسان کارڈ کے لیے کھاد، بیج اور پیسٹی سائیڈز ڈیلرز کی رجسٹریشن کے عمل میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔ اراضی ریکارڈ سینٹر سے غیر ڈیجیٹائزڈ موضع جات کی تفصیلات حاصل کی جا رہی ہیں۔ غیر کمپیوٹرائزڈ موضع جات کے لیے کسان کارڈ کی رجسٹریشن کا آسان میکانزم متعارف کرایا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سوا ارب روپے کی لاگت سے سرگودھا، ساہیوال، ملتان اور بہاولپور میں ماڈل ایگری مالز کا قیام عمل۔ میں لایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ ماڈل ایگری مالز کا ایک ہی ڈیزائن ہو گا۔ ماڈل ایگری مالز کو آؤٹ سورس کیا جائے گا۔ ماڈل ایگری مالز میں مانیٹرنگ کا کردار محکمہ زراعت کے ذمہ ہو گا۔ ماڈل ایگری مالز میں تمام زرعی مداخل و دیگر سہولیات ایک ہی جگہ میسر ہوں گی۔ ماڈل ایگری مالز میں کاشتکاروں کی آگاہی اور راہنمائی کے لیے معلوماتی سینٹرز قائم کیے جائیں گے۔ اجلاس میں محکمہ زراعت پنجاب کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆